بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

# امراء کو حاصل 300 ارب کے ٹیکس استثنیٰ ختم کرنیکا اعلان

## اقتصادی اشاریے مثبت‘ معیشت درست سمت میں گامزن ہوگئی‘ تاجروں اور صنعتکاروں کو ہر ممکن سہولتیں دینگے‘ تین سال میں تمام امتیازی ایس آر اوز ختم کردیئے جائیں گے‘ اسحاق ڈار

### وفاقی میزانیہ سرمایہ کار دوست ہوگا‘ ٹیکس ایڈوائزری کونسل کے اجلاس سے خطاب‘ بجٹ تجاویز کا جائزہ‘ ایماندار تاجروں اور صنعتکاروں کو ہراساں نہ کرنے کی ہدایت‘ ایس آر او 351 معطل

اسلام آباد (ایجنسیاں) وفاقی حکومت نے آئندہ تین سال کے دوران امراء، اشرافیہ و دیگر طاقتور طبقات کے 300ارب روپے سے زائد کے ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے جبکہ ایف بی آر حکام کے اختیارات سے متعلق متنازع ایس آر او351 پر عملدر آمد بھی معطل کر دیا گیا ہے۔وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار نے یہ اعلانات ہفتہ کو اسلام آباد میں ٹیکس ایڈوائزری کونسل کے اجلاس میں کئے ، جس میں سینئر ٹیکس کنسلٹنٹس ‘صنعتکار‘ ایف پی سی سی آئی کے صدر‘ چاروں صوبائی چیمبرز کے صدور‘ ٹیکس بار کے صدر‘ ایس ای سی پی ، ایف بی آر حکام سمیت تمام شراکت داروں نے شرکت کی۔ کونسل کے اجلاس میں محاصل کے اہداف اور تاجروں کی پیش کردہ بجٹ تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔وزیر خزانہ نے کہا کہ بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں سب سے مشاورت کی جائے گی۔ تاجروں اور صنعتکاروں کو اعتماد میں لیا جائے گا ، اقتصادی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے گزشتہ دس ماہ کے دوران اقتصادی اصلاحات کے نتیجہ میں معیشت درست سمت میں گامزن ہو گئی ہے ۔اقتصادی اشاریے مثبت ہیں،ان کا کہنا تھا کہ اقتصادی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے ،ہم تمام شراکت داروں سے مشاورت پر یقین رکھتے ہیں، حکومت تاجروں اور صنعتکاروں کو ہر ممکن سہولتیں مہیا کرے گی۔وزیر اعظم نے ٹیکس حکام کو ہدایت کی کہ وہ ایماندار اور تعاون پر آمادہ تاجروں اور صنعتکاروں کو ہرگز ہراساں نہ کریں، اگر کوئی معاملہ ہو تو اسے مل جل کر حل کیا جائے،اجلاس میں اسحاق ڈار نے تاجروں کو یقین دلایا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ سرمایہ کار دوست ہو گا جس میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جائے گا تاہم محصولات بڑھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے ، اجلاس کے دوران وزیر خزانہ نے کہا کہ آئندہ تین سال کے دوران تمام امتیازی ایس آر اوز ختم کر دیئے جائیں گے ۔ یہ بھی خیال رہے کہ یہ ٹیکس استثنیٰ چار سو ارب سے زائد پر مشتمل ہیں ان میں 300 ارب روپے کے ٹیکس استثنیٰ اشرافیہ اور دیگر طاقتور طبقات کے لئے ہیں حکومت نے مرحلہ وار بڑے طبقات سے ان ٹیکس رعایتوں سے دستبرداری کا اعلان کیا ہے۔




ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے